PRESS RELEASE

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ: 12 ستمبر 2024

الیکشن کمیشن کا مورخہ 11 ستمبر 2024 کو اہم اجلاس جناب نثار احمد درانی ممبر الیکشن کمیشن کی صدارت میں ہوا۔ جس میں معزز ممبران الیکشن کمیشن جناب شاہ محمد جتوئی، جناب بابر حسن بھروانہ اور جناب جسٹس ریٹائر اکرام اللہ خان نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری الیکشن کمیشن، سپیشل سیکرٹری الیکشن کمیشن، سپیشل سیکرٹری لاء الیکشن کمیشن، سپیشل سیکرٹری وزارت داخلہ، چیف کمشنر اسلام آباد، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد و وزارت قانون وانصاف کے نمائندہ نے شرکت کی۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا کہ الیکشن کمیشن نے اسلام آباد لوکل گورنمنٹ انتخابات کا الیکشن پروگرام مورخہ 8 اگست 2024 کو جاری کیا جس کے مطابق پولنگ 9 اکتوبر 2024 کو ہونی تھی۔ اس پروگرام کے مطابق کاغذات نامزدگی جمع ہو چکے تھے اور کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کا عمل جاری تھا کہ گورنمنٹ نے اسلام آباد لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2015 میں ترامیم کر دیں۔ ان ترامیم کو مد نظر رکھتے ہوئے الیکشن کمیشن نے لوکل گورنمنٹ انتخابات کے عمل کو Held in abeyance کر دیا۔ تاکہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ میں ترامیم، اس کے مضمرات اور اسلام آباد لوکل گورنمنٹ انتخابات کے انعقاد سے متعلق وزارت داخلہ، لاء اور چیف کمشنر اسلام آباد سے موقف لیا جائے۔ اور مذکورہ انتخابات کے انعقاد سے متعلق مناسب فیصلہ کیا جائے۔ مزید الیکشن کمیشن نے موجودہ ترامیم کو مد نظر رکھتے ہوئے مناسب رولز اور دیگر قانون سازی سے متعلق بھی گورنمنٹ کے مذکورہ بالا نمائندگان کو کہا۔ ایڈیشنل سیکرٹری وزارت داخلہ نے موقف اختیار کیا کہ کیونکہ اسلام آباد لوکل گورنمنٹ ایکٹ میں پارلیمنٹ نے ترامیم کر دی ہیں جن کی گزٹ میں اشاعت بھی ہو چکی ہے۔ لہذا الیکشن کمیشن ایکٹ میں موجودہ ترامیم کو مد نظر رکھتے ہوئے لوکل گورنمنٹ انتخابات کے انعقاد کا عمل نئے سرے سے شروع کرے۔ جن کی منسٹری آف لاء کے نمائندہ نے بھی حمایت کی۔

الیکشن کمیشن نے مذکورہ بالا نمائندگان کا موقف سننے کے بعد فوری ایک کمیٹی تشکیل دی۔ جس میں سیکرٹری داخلہ، الیکشن کمیشن، وزارت قانون و انصاف اور سپیشل سیکرٹری لاء الیکشن کمیشن ہونگے۔ اور یہ کمیٹی لاء اور رولز میں فوری ضروری ترامیم پر غور کرے گی اور اپنی سفارشات مناسب فورم پر دے گی تاکہ فوری قانون سازی کو یقینی بنایا جاسکے۔ اور الیکشن کمیشن اسلام آباد کے لوکل گورنمنٹ انتخابات جو Held in abeyance کئے گئے ہیں ان کے بارے میں مناسب فیصلہ کر سکے۔

الیکشن کمیشن نے گورنمنٹ کے نمائندگان پر واضح کیا کہ اسلام آباد میں لوکل گورنمنٹ انتخابات کا فوری انعقاد الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے اور انتخابات کے انعقاد سے کچھ دن پہلے الیکشن قوانین میں ترامیم سے نہ صرف الیکشن کے انعقاد میں تاخیر ہوتی ہے بلکہ الیکشن کمیشن کی مشکلات میں بھی اضافہ ہوتا ہے اور اسے دوبارہ نئی حلقہ بندی سے کام شروع کرکے الیکشن کے انعقاد کے تمام مراحل دوبارہ مکمل کرنے پڑتے ہیں۔

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections

MEDIA COORDINATION & OUTREACH WING